# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 12 August-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۲/اگست ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ریاست کے ہر تعلقے میں سنویدھان بھون تعمیر کیا جائیگا: وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا اعلان۔

☆ گذشتہ برس سویابین اور کپاس کے کاشتکاروں کو ریاستی حکومت کی جانب سے فی ہیکٹر پانچ ہزار روپئے کی امداد۔

☆ مکھیہ منتری ماجھی لاڑکی بہن اسکیم سے متعلق اپوزیشن منفی پروپیگنڈہ کررہی ہے: وزیرِ اعلیٰ اور نائب وزیرِ اعلیٰ کا الزام۔ ریاستی حکومت کو کانگریس نے غیر قانونی قرار دیا۔

اور۔۔۔☆ پیرس اولمپک اختتام پذیر؛ بھارتی کھلاڑیوں کی کارکردگی پر وزیرِ اعظم کا اظہارِ اطمینان۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے اعلان کیا ہے کہ سماجی انصاف کے جذبے کو تقویت دینے کیلئے ریاست کے ہر تعلقے میں سنویدھان بھون کے نام سے آئینی عمارت تعمیر کی جائیگی۔ وہ کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کیلئے فنڈ ز دیئے جانے پر امبیڈکری سماج کی جانب سے منعقدہ اظہارِ تشکر کے پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کے تحریر کردہ دستور پر ہی ملک چلتا ہے۔ باباصاحب کے آئین کی موجودگی کے باعث ہی ہم ایک جمہوری اور خودمختار قوم کی حیثیت سے اقوامِ عالم میں اپنی شناخت رکھتے ہیں۔ لہٰذا آئین تبدیل کرنے کے حزبِ اختلاف کے پروپیگنڈے کا شکار نہ ہوں۔ چھترپتی سمبھا جی نگر شہر کے ترقیاتی منصوبہ بندی سے متعلق وزیرِ اعلیٰ نے وعدہ کیا کہ شہر کا ایسا منصوبہ تیار کیا جائیگا جس میں ہر ایک کے مفاد کا خیال رکھا جائے۔ انھوں نے تیقن دیا کہ حالانکہ لاڑکی بہن اسکیم کے تعلق سے حزبِ اختلاف کی جانب سے منفی پروپیگنڈہ کیا جارہا ہے، لیکن رکشابندھن کے تہوار سے قبل بہنوں کے کھاتوں میں دو اقساط جمع کردی جائیں گی۔ مرکزی مملکتی وزیر برائے صحتِ عامہ پرتاپ راؤ جادھو، رابطہ وزیر عبدالستار، تعمیرات کے وزیر اتل ساوے، رکنِ پارلیمان سندیپان بھومرے، رکنِ اسمبلی پردیپ جیسوال اور سنجے شرساٹھ اس موقع پر موجود تھے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے گذشتہ برس کے سویابین اور کپاس کے کاشتکاروں کو دو ہیکٹر قطعۂ اراضی تک فی ہیکٹر پانچ ہزار روپئے امداد دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیرِ زراعت دھننجے منڈے نے یہ اطلاع دی۔ گذشتہ برس سویابین اور کپاس کے کم نرخ موصول ہوئے تھے۔ اس لیے کسانوں کو ہونے والے نقصانات کے ازالے کے طور پر یہ فیصلہ کیا گیا۔ وزیرِ موصوف نے بتایا کہ فصلوں کی تخم ریزی کے اندراجات کرانے والے سویابین اور کپاس کے تمام کاشتکاروں کے کھاتوں میں یہ رقم جمع ہوگی۔ انھوں نے ترغیب دی کہ متعلقہ کسان اپنا انفرادی رضامندی یا اجتماعی این او سی فوری طور پر جمع کروائیں۔

***** ***** *****

احمد نگر ضلع کی راہتا زرعی پیداواری مارکیٹ کمیٹی میں جدید طرز کے سرد خانے یعنی کولڈ اسٹوریج کی تعمیر کیلئے 11 کروڑ روپئے منظور کرنے کا اعلان مارکیٹنگ اور اقلیتی ترقی کے وزیر عبدالستار نے کیا ہے۔کل ان کے ہاتھوں ساکوری-راہتا زرعی پیداوار مارکیٹ کمیٹی کے احاطے میں مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگِ بنیاد رکھا گیا۔اس موقع پر منعقدہ تقریب سے وہ خطاب کر رہے تھے۔انھوں نے یہ بھی کہا کہ یہاں کسان بھون کی تعمیر کیلئے بھی ڈیڑھ کروڑ روپئے منظور کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے الزام لگایا ہے کہ وزیرِ اعلیٰ لاڑکی بہن اسکیم سے مخالفین کو تکلیف ہورہی ہے تاہم حکومت کسی بھی بہن کو اس فائدے سے محروم نہیں رہنے دے گی۔کل آکولہ میں بی جے پی کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ لوک سبھا انتخابات میں حزبِ اختلاف کے منفی پروپیگنڈے کے سبب بی جے پی کم نشستیں جیت سکی۔

***** ***** *****

مہاراشٹر میں کانگریس پارٹی کے انتخابی اُمور کے انچارج رمیش چینی تھلا نے کہا ہے کہ آئندہ اسمبلی انتخابات میں کانگریس اور مہاوِکاس آگھاڑی متحدہ طور پر الیکشن لڑے گی۔وہ کل ناندیڑ میں پردیش کانگریس کی جانب سے منعقدہ ایک اجلاس کے بعد صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے۔انھوں نے کہا کہ ریاست کی مہایوتی حکومت جمہوری طرز پر عوامی منتخبہ حکومت نہیں بلکہ سیاسی جماعتوں میں جوڑ توڑ کر کے اقتدار حاصل کیا گیا ہے۔اس اجلاس میں کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے، لیجسلیچر پارٹی قائد باڑا صاحب تھورات، قائدِ حزبِ اختلاف وجئے وڑیٹیوار اور ناندیڑ، پربھنی اور ہنگولی اضلاع کے پارٹی عہدیدار موجود تھے۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل کی ڈپٹی چیئر پرسن ڈاکٹر نیلم گورہے نے ہر ایک سیاسی جماعت کو امن قائم کرنے کی تلقین کی ہے۔وزیرِ اعلیٰ لاڑکی بہن اسکیم کی تشہیر اور خواتین کے ایک اجلاس میں شرکت کے سلسلے میں وہ ناسک دورے پر صحافیوں سے گفتگو کر رہی تھیں۔تھانہ میں شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدّھو ٹھاکرے کی گاڑی پر حملے کو انھوں نے سیاسی انتشار قرار دیا اور کہا کہ اس ضمن میں متعلقہ پارٹیوں کے قائدین نوٹس لیں۔

***** ***** *****

قومی اہلیتی داخلہ جانچ نیٹ پی جی 2024 کل منعقد ہوئی۔نیشنل میڈیکل سائنسیس ایگزامنیشن بورڈ نے دو مختلف اوقات میں کمپیوٹرائز طرز پر یہ امتحانات لیے۔اس داخلہ امتحانات میں دولاکھ سے زائد طلبہ نے حصہ لیا۔

***** ***** *****

پیرس اولمپک کھیل آج اختتام پذیر ہوئے۔ہاکی کھلاڑی پی آر شری جیش اور نشانہ باز منو بھاکر اختتامی تقریب میں بھارتی کھلاڑیوں کے گروپ کے پرچم بردار تھے۔ان کھیلوں میں ایک نقرئی اور پانچ کانسے کے تمغے جیت کر تمغوں کی فہرست میں بھارت نے 71 واں مقام حاصل کیا۔تمغے حاصل کرنے والے ممالک کی فہرست میں چین پہلے، امریکہ دوسرے اور آسٹریلیاء تیسرے مقام پر رہا۔اختتامی تقریب اولمپک مشعل بجھا دی گئی اور آئندہ 2028 کے لاس اینجلس اولمپک کیلئے اولمپک پرچم وہاں کی انتظامیہ کے حوالے کر دیا گیا۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے پیرس اولمپک میں بھارتی کھلاڑیوں کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔انھوں نے مستقبل میں ہونے والے کھیلوں کیلئے کھلاڑیوں کو نیک خواہشات پیش کیں۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے آج ہنگولی کا دورہ کررہے ہیں۔ وہ کلمنوری کے پنچاڑ یشور مہادیو مندر کی کاوڑ یاترا میں حصہ لیں گے۔ رکنِ اسمبلی سنتوش بانگر کی زیرِ قیادت شراون مہینے کے دوسرے پیر کو کاوڑ یاترا نکالی جاتی ہے۔

***** ***** *****

موسمِ خریف 2023 میں فصلوں کے نقصان کا پیشگی معاوضہ نہ ملنے والے 32 منڈلوں کے کسانوں سے متعلق 15 اگست کے بعد نئی دہلی میں اجلاس منعقد کیا جائے گا۔ یہ اطلاع تلجاپور کے رکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے دی۔ دھاراشیو تعلقے کے کونڈ میں مختلف ترقیاتی کاموں کے سنگِ بنیاد اور افتتاح کی تقریب سے وہ خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے تیقن دیا کہ دھاراشیو ضلع کے کسانوں کو پیشگی معاوضے کیلئے وہ کوشش کریں گے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے پرلی ویجناتھ سے قریب ملکاپور میں ہوئے ایک دلخراش حادثے میں 22 مینڈھیاں، دو مویشی اور ایک چرواہا ہلاک ہوگئے۔ کل صبح دو چرواہے اپنے مینڈھے اور مویشی چراتے ہوئے پرلی-حیدرآباد ریلوے لائن سے گذر رہے تھے کہ مخالف سمت سے آنے والی ایک مال بردار ٹرین نے جانوروں کو کچل دیا۔ ریلوے لائن کے دونوں جانب چٹانیں ہونے کے سبب جانوروں اور چرواہے مونجاڈو نے کی اس حادثے میں موت واقع ہوگئی۔

***** ***** *****

اس برس اب تک ہوئی موسلا دھار بارش کے باعث بیڑ ضلع کے پرلی تعلقے میں واقع وان ڈیم پوری طرح لبریز ہوگیا ہے۔ اس پشتے میں پانی بھر جانے سے پرلی سمیت 15 دیہاتوں کا پانی کا مسئلہ حل ہوگیا ہے۔

***** ***** *****

بیڑ میں ڈیجیٹل کتب خانے کی عمارت کا آئندہ جمعرات یومِ آزادی کو رابطہ وزیر دھننجے منڈے کے ہاتھوں سنگِ بنیاد رکھا جائے گا۔ اس کتب خانے کیلئے پانچ کروڑ روپئے مختص کیے گئے ہیں۔ 20 ہزار مربع فٹ اراضی پر یہ دومنزلہ عمارت تعمیر کی جائیگی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے کل یعنی 13 اگست کو ہر گھر ترنگا یاترا نکالی جائیگی۔ یہ یاترا کرانتی چوک تا سنت ایکناتھ رنگ مندر نکالی جائیگی۔ جس کے بعد گیارہ بجے سنت ایکناتھ رنگ مندر میں ترنگا ثقافتی پروگرام منعقد ہوگا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ریاست کے ہر تعلقے میں سنویدھان بھون تعمیر کیا جائیگا: وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا اعلان۔

☆ گذشتہ برس سویابین اور کپاس کے کاشتکاروں کو ریاستی حکومت کی جانب سے فی ہیکٹر پانچ ہزار روپئے کی امداد۔

☆ مکھیہ منتری ماجھی لاڑکی بہن اسکیم سے متعلق اپوزیشن منفی پروپیگنڈہ کررہی ہے: وزیرِ اعلیٰ اور نائب وزیرِ اعلیٰ کا الزام۔ ریاستی حکومت کو کانگریس نے غیر قانونی قرار دیا۔

اور۔۔۔☆ پیرس اولمپک اختتام پذیر؛ بھارتی کھلاڑیوں کی کارکردگی پر وزیرِ اعظم کا اظہارِ اطمینان۔

***** ***** *****